Gujranwala Board

10^{th} – 2018

Urdu Group 1

سوال نمبر 1: دیئے گئے الفاظ یعنی الف /ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں ہر جزو کا ایک نمبر ہے

(i) سڑک پر شغال کے چیخنے سے واضح ہوتی ہے (1)

الف- ویرانی

ب- آمدورفت

ج- رونق بی رونق

د- اُداسی

درست جواب: الف- ویرانی

(ii) کتابوں کی شیرازہ بندی کے بارے میں....... نے مرزا کو خط لکھا (1)

الف- نفتہ

ب- میرن

ج- میر مہدی مجروح

د- شیو نارائن

درست جواب: د- شیو نارائن

(iii)چغل خور کو چغل خور کہیں تو وہ : (1)

الف- لڑ پڑتا ہے

ب- بھاگ جاتا ہے

ج- ناراض ہو جاتا ہے

د- شرمسار ہو جاتا ہے

درست جواب: ج- ناراض ہو جاتا ہے

(iv)علامہ اقبالؒ نے لذت افزائے شور طفلی میں اشارہ کیا: (1)

الف- بادل

ب- ستارے

ج- عیدالفطرکاچاند

د- نماز عیدالفطر

درست جواب: ج- عیدالفطرکاچاند

(v) مرزا محمد سعید کی سے عزیز داری تھی. **(1)**

الف- سرسیداحمدخان

ب- شیخ عبدالقادر

ج- شاہد احمد دہلوی

د- مشتاق احمد زاہدی

درست جواب: الف- سرسیداحمدخان

(vi) لفظ "معذرت" کا درست تلفظ ہے: **(1)**

الف- مَعِذَرْتُ

ب- مَعْذَرَتْ

ج- مَعْذِرَتْ

د- مَعْذِرَتْ

درست جواب:ب- مَعْذَرَتْ

(vii) "عیدگاہ"بالحاظ گرائمر ہے: **(1)**

الف- ظرف زماں

ب- طرف مقاں

ج- اسم صوت

د- اسم آلہ

درست جواب:ب- طرف مقاں

(viii) اسم مشتق کی اقسام ہیں: **(1)**

الف- ایک

ب- دو

ج- چار

د- پانچ

درست جواب:د- پانچ

(ix)اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کے لئے........ نے سختیاں جھیلیں. **(1)**

الف-حضرت مجدد الف ثانیؒ

ب- شاہ ولی اللہؒ

ج- سید احمد بریلویؒ

د- شاہ اسماعیل شہیدؒ

درست جواب:الف-حضرت مجدد الف ثانیؒ

(x) مصنف سجاد حیدر یلدرم کا دوست زیادہ بے تکلف اور شور مچانے والا ہے: (1)

الف- احمد مرزا

ب- شاکر صاحب

ج- قرض خواہ دوست

د- محمد تحسین

درست جواب: الف- احمد مرزا

(xi) میرا ڈاکٹر محمد اقبالؒ رات کو جی نماز پر جابیٹھتے: (1)

الف- ایک بجے

ب- دو بجے

ج- اڑھائی بجے

د- دو اڑھائی بجے

درست جواب: د- دو اڑھائی بجے

(xii) لفظ "معطر" کا درست لفظ ہے: (1)

الف- مُعِطَرْ

ب- مُعْطَرْ

ج- مَعَطِرُ

د- مُعَطَرُ

درست جواب د- مُعَطَرُ

(xiii)"جس" بلحاظ گرائمر ہے (1)

الف- اسم اشارہ

ب- اسم موصول

ج- اسم حالیہ

د- اسم صوت

درست جواب: ب- اسم موصول

(xiv)اک شمع بجھائی تو: (1)

الف- ہم پچھتائے بہت

ب- کئی اور جلالیں

ج- سو رہے

د- بے سکون ہو گئے

درست جواب: ب- کئی اور جلالیں

(xv) پیغمبرذی وقارﷺ کا چراغِ محبت: **(1)**

الف- روشن تر ہوگا

ب- ہمیشہ روشن رہے گا

ج- کبھی نہیں بجے گا

د- اس کی روشنی اور پھیلے گی

درست جواب: ج- کبھی نہیں بجے گا

سوال نمبر 2۔ درج ذیل نظم و غزل اشعار کی تشریح کیجئے۔
(10 تین حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے

حصہ نظم

(i) اُسی نے ایک حرف کُن سے پیدا کردیا عالم
کشاکش کی صدائے ہاؤہُو سے بھر دیا عالم

(ii) اڑتی تھی خاک ،خشک چشمہ حیات کا
کھلا ہوا تھا دھوپ سے پانی سےفرات کا

(iii) یہ سماں اور ایک قوی انسان ،یعنی کاشت کار
ارتقاء کا پیشوا ، تہذیب کا پروردگار

(iv) اس کی چھاتی پر کئی ٹانگے کے اُلٹ کر رہ گئے
سینکڑوں گھوڑوں کا اس پر ہوچکا ہے انتقال

حصہ غزل

(i) تِرے رُتبہ دانِ محبت کی حالت
تِرے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

(ii) سلسلہ، فتنہ قیامت کا
تیری خوش قامتی سے ملتا ہے

(iii) یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانہ عشق
مگر اے دوست کچھ ایسوں کا ٹھکانہ بھی نہیں

سوال نمبر 3- نثر پاروں کی تشریح کریں- سبق عنوان ،مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھئے- (10

الف- موت برحق ہے مرنا سب کو ہے ۔مگر مرنے میں فرق ہوتا ہے مرزا صاحب نے خاصی عمر پائی مگر ان کی وفات کا صدمہ اس لئے زیادہ ہے ۔کہ ایسے قابل ایسے شریف اور ایسے واضح دار لوگ زمانہ اب پیدا نہیں

کرے گا ۔افسوس کے پروفیسر مرزا محمد سعید اب وہاں ہیں۔ جہاں ہماری نیک آرزوئیں میں رہتی ہیں۔ ایسی جامع العلوم ہستی سے محروم ہونے کا ہمیں جتنا بھی غم ہو کم ہے

ب۔ وہ خود بھی صاف ستھرا رہتا تھا اور ایسا ہی اپنے چمن کو بھی رکھتا۔ اس قدر پاک صاف جیسے رسوئی کا روشیں ، باقاعدہ، تھانولے درست ،سچائی اور شاخوں -کیا مجال جو کہیں گھاس پھونس یا کنکر پتھر پڑا رہے -چوکا کی کاٹ چھانٹ وقت پر،جھاڑنا بہارنا

سوال نمبر 4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10

(i) تحریک خلافت کیوں شروع کی گئی؟

(ii) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لَبّ لَباب کیا تھا؟

(iii) علی بخش سے مصنف کی کیسے ملاقات ہوئی؟

(iv) کون سی دو چیزوں پر محصول وصول نہیں کیا جاتا تھا؟

(v) اسلام کیسے صلح وآتشی کا مذہب ہے ؟

(vi) فاطمہ کو راکھ میں دبی ہوئی چنگاری کیوں کہا گیا ہے ؟

(vii) نظم کے دوسرے شعر میں شاعر نے کن الفاظ میں کسان کی تحسین کی ہے ؟

(viii) قافیہ اور ردیف میں مثالوں سے فرق واضح کریں ؟

سوال نمبر 5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (5

(i) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ:

(ii) چغل خور:

سوال نمبر6۔ دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ (15

(i) حُبّ وطن

(ii)تندرستی ہزار نعمت ہے

سوال نمبر 7۔ عبارت کو پڑھیے اور سوالات کے جوابات دیجئے۔ (10

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ یہاں کا جےپال تھا -جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوجی چڑھائی کی۔ چنانچہ دفعتاً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیئے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا -ادھر سے سبکتگین بھی نکلا -چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتاً آسمان سے گولے پڑنے لگے یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہوگئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے۔ انہیں خبر بھی نہ ہوئی۔ ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے۔ مگر وہاں رضائی کا گزارا کہاں ،سیکڑوں اکڑ کر مر گئے ،ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے ،جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے

(i)پنجاب کی حد غزنی تک پھیلی ہوئی تھی ،کس زمانے میں ؟

(ii) جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

(iii)وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے۔ کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟

(iv)وہاں رضائی کا گزارا کیوں نہیں تھا ؟

(v)جےپال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟

Gujranwala Board

10th – 2018

Urdu Group 2

سوال نمبر 1-مندرجہ ذیل سوالات کے لیے درست جوابات کا کریں-اور اپنا انتخاب یعنی (الف، ب، ج،د) ہر جُز کے سامنے دیئے ہوئے خالی خانے میں لکھیں-

(i) نظم مال گودام روڈ کس مجموعہ سے لی گئی ہے ؟ **(1)**

الف- اندیشہ شہر

ب- سنگینے

ج- فی سبیل اللہ

د- مطالعہ عرض ہے

درست جواب: الف- اندیشہ شہر

(ii) "پون ٹوٹی" چنگی کس چیز پر معروف تھی ؟ **(1)**

الف- ترکاری اور پھل

ب- اناج اور اپلے

ج- غلہ اور ترکاری

د- پھل اور اپلے

درست جواب: ب- اناج اور اپلے

(iii) استنبول کا فاتح کون تھا ؟ **(1)**

الف- حضرت ابوایوب انصاری

ب- محمد ثانی

ج- مراد ثانی

د- سلطان محمد فتح

درست جواب: د- سلطان محمد فتح

(iv) فقیر کا جسم کیسا تھا ؟ **(1)**

الف- لاغر

ب- کمزور

ج- دبلاپتلا

د- موٹا تازہ

درست جواب: د- موٹا تازہ

(v) کتنی عمر میں مرزا صاحب کے دونوں ہاتھوں میں رعشہ آ گیا ؟ (1)

الف- تیس سال

ب- چالیس سال

ج- پچاس سال

د- ساٹھ سال

درست جواب: ب- چالیس سال

(vi) "مدرسہ" کا درست لفظ ہے ۔ (1)

الف-مَدْرْسَہ

ب- مَدْرَسَہ

ج- مُدْرَسَہ

د- مِدْرَسَہ

درست جواب: الف-مَدْرْسَہ

(vii) قسم جسے کسی جملے کے ساتھ لگائے بغیر معنی سمجھ نہ آئے کہلاتا ہے ۔ (1)

الف- اسم اشارہ

ب- اسم موصول

ج- اسم صوت

د- اسم ظرف

درست جواب: ب- اسم موصول

(viii) "شاہ سوار" گرامر کی رو سے کیا ہے۔ (1)

الف- اسم صوت

ب- اسم ظرف

ج- اسم آلہ

د- اسم مکبر

درست جواب: د- اسم مکبر

(ix) پرستان میں پھلدار پودے پڑے تھے ۔ (1)

الف- بالشت بھر

ب- چھ فٹ

ج- ایک ایک فٹ

د- گزبھر

درست جواب: الف- بالشت بھر

(x) گدلاپانی پودوں کے لئے تھا ۔ (1)

الف- ضرررساں
ب- آبِ حیات
ج- بےسود
د- مفید

درست جواب: ب- آبِ حیات

(xi) رشید احمد صدیقی نے خطوط کس شہر سے بھجوائے ؟ (1)

الف- دلی
ب- علی گڑھ
ج- لاہور
د- لکھنؤ

درست جواب: ب- علی گڑھ

(xi) رشید احمد صدیقی نے خطوط کس شہر سے بھجوائے ؟ (1)

الف- دلی
ب- علی گڑھ
ج- لاہور
د- لکھنؤ

درست جواب: ب- علی گڑھ

(xii) "اتحاد" کا درس تلفظ ہے۔ (1)

الف- إتحَادْ
ب- إتّحَادْ
ج- اُتحَادُ
د- اَتُحِاَدْ

درست جواب: ب- إتّحَادْ

(xiii) مصدر کی اقسام ہیں ۔ (1)

الف- ایک
ب- دو
ج- تین
د- چار

درست جواب: د- چار

(xiv) دل ٹوٹ کر کس سے ملتا ہے ؟ (1)

الف- کج ادا سے
ب- دلربا سے
ج- خوش ادا سے
د- مل کے بھی جو نہیں ملتا

درست جواب: د- مل کے بھی جو نہیں ملتا

(xv) رن کی زمین سرخ اور آسمان تھا ۔ **(1)**

الف- سبز

ب- نیلا

ج- زرد

د- سرخ

درست جواب: ج- زرد

سوال نمبر 2۔ درج ذیل نظم و غزل اشعار کی تشریح کیجئے۔

10) تین حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے

حصہ نظم

(i) اُصول محبت ہے، پیغام و حس کا
وہ محبوبِ پروردگار آگیا ہے

(ii) رقص تیری خاک کا کتنا نشاط انگیز ہے
ذرہ ذرہ زندگی کے سوز سے لبریز ہے

(iii) یہ سماں اور ایک قوی انسان ،یعنی کاشت کار
ارتقاء کا پیشوا ، تہذیب کا پروردگار

(iv) مرے بنے کو مبارک یہ خوشگوار گھڑی
کہ سرکا درد بڑھا ناک میں نکیل پڑی

حصہ غزل

(i) یہ وہ راستہ ہے دیارِ وفا کا
جہاں بادِ صرصر، صبا ہوگئی ہے

(ii) آج کیا بات ہے کہ پُھولوں کا
رنگ، تیری ہنسی سے ملتا ہے

(iii) ایک مدت سے تیری یاد بھی آئی نہ ہمیں
اور ہم بھول گئے ہوں تجھے ایسا بھی نہیں

سوال نمبر 3- نثر پاروں کی تشریح کریں- سبق عنوان ،مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھئے- (10

الف-نواب صاحب کا محل میرے گھر سے دو آنے ڈولی ہوگا ۔ قاضی واڑے سے نکلے اور خانم کا بازار آیا ۔پہلے تو مجھے کچھ خیال نہ ہوا ۔جب بہت دیر ہوگئی اور ہٹو بچو کی آواز نہ آئی بازار کے چراغ بھی جھلکتے دکھائی نہ دیئے۔ تو پردے کی جھری کھول لی- اب جو دیکھتی ہوں تو جنگل سائیں سائیں کررہا ہے اور پینس جیسے یہ لگے ہوئے ہیں ہوئی چلی جا رہی ہے-

ب - وہ خود بھی صاف ستھرا رہتا تھا اور ایسا ہی اپنے چمن کو بھی رکھتا- اس قدر پاک صاف جیسے رسوئی کا روشیں رباقاعدہ، تھانولے درست ،سچائی اور شاخوں -کیا مجال جو کہیں گھاس پھونس یا کنکر پتھر پڑا رہے -چوکا کی کاٹ چھانٹ وقت پر،جھاڑنا بہارنا-بہارنا ،صبح و شام روزانہ -غرض سارے چمن کو آئینہ بنا رکھا تھا-

سوال نمبر 4- کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے- 10)

(i) مرزا صاب کا سب سے بڑا مشغلہ کیا تھا؟

(ii) نصابی سبق "ملمع" لڑکی سفر کیوں کر رہی تھی؟

(iii) مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد کیا ہے؟

(iv) ہر چغل خور کس بات کو ماننے سے انکار کرتا ہے؟

(v) حکومت کی اولین ترجیح کیا ہے ؟

(vi) نصابی نظم کسان میں شاعر نے کس ارتقاء کا پیشوا کہا ہے ؟

(vii) انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟

(viii) شاعر فراق گورکھ پوری نے اپنی غزل میں سر اور دل میں کس چیز کی کمی کا اظہار کیا ہے؟

سوال نمبر 5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں- 5)

(i)نظریہ پاکستان :

(ii)استنبول :

سوال نمبر 6- دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے- 15)

(i) قائد اعظم

(ii) تندرستی ہزار نعمت ہے

(iii)چڑیا گھر کی سیر :

سوال نمبر 7-عبارت کو پڑھیے اور سوالات کے جوابات دیجئے- 10)

آپ کا والا نامہ ابھی ملا ہے -جس کے لئے بہت شکر گزار ہوں -مسٹر نعیم الحق صاحب کے خط سے جو انہوں نے شیخ عبد الحمید کو لکھا ہے ،معلوم ہوتا ہے کہ ان کے خیال میں کشمیر اور سری نگر دو مختلف جگہیں ہیں- ان کی خدمت میں عرض کریں کہ کشمیر ملک کا نام ہے اور سری نگر دار السلطنت ہے- مقدمات جو بھی ہوں سری نگر میں ہونگے اور جہاں تک میں خیال کرتا ہوں ان کو زیادہ مدت وہاں ٹھرنا نہ پڑے گا شیخ عبدالحمید صاحب کا خط مجھے آج آیا ہے، جس میں وہ لکھتے ہیں کہ سید نعیم الحق صاحب کا سفرِ خرچ کشمیر کمیٹی کی طرف سے ادا ہو نا چاہئے لیکن مجھے یقین ہے کہ سید صاحب موصوف اس حقیر رقم کو جو سفرِ خرچ کی صورت میں ان کی خدمت میں پیش کی جائے قبول نہ کریں گے اور کام لِلّٰہ، مسلمانوں کے لئے کریں گے- کشمیر کمیٹی کے پاس زیادہ فنڈ نہیں ہے ،ورنہ میں خود سید صاحب کی خدمت میں پیش کرتا- اس واسطے مہربانی کرکے ان کی خدمت میں عرض کریں کہ اگر آپ بِلا کسی قسم کے معاوضے اور سفرِ خرچ کے یہ خدمت کریں تو اللہ کے نزدیک اجر جزیل کے مستحق ہونگے اور اللہ تعالی کی طرف سے کسی اور صورت میں اس کا اجر ضرور مل جائے گا

(i) علامہ اقبالؒ نے مکتوب الیہ سے کیا کہا؟ اس کا خلاصہ لکھیے

(ii) سفرِ خرچ سے کیا مراد ہے ؟تفصیل سے لکھئے

(iii) سید نعیم الحق وکیل ہیں ، انہیں سری نگر کیوں بلایا گیا؟

(iv) اجر جزیل کے معنی لکھیے

(v) اس عبار ت کا عنوان تحریر کیجیے